**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

28اگست2026ء

# پریس ریلیز

## پمز نرسری کا دل خراش سانحہ: 14نومولود بچوں کا انتقال۔

## حکومت ذِمّہ داران کا تعین کرکے اُنہیں قرار واقعی سزا دے اور انسانی جانوں کی حفاظت کی ذِمّہ داری ادا کرے۔

**(شجاع الدین شیخ)**

**لاہور(پ ر):** پمز نرسری کا دل خراش سانحہ: 14نومولود بچوں کا انتقال۔ حکومت ذِمّہ داران کا تعین کرکے اُنہیں قرار واقعی سزا دے اور انسانی جانوں کی حفاظت کی ذِمّہ داری ادا کرے۔ تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے پمز ہسپتال اسلام آباد کی نرسری میں آتش زدگی کے نتیجے میں 14نومولود بچوں کے جاں بحق ہونے کے دل خراش سانحے پر شدید غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے اِسے حکومتی وانتظامی غفلت، ناقص حفاظتی انتظامات اور انسانی جان کی بے توقیری کا بدترین مظہر قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ جن معصوم بچوں کو علاج اور تحفظ کے لیے ریاست کے ایک بڑے ہسپتال کی نرسری میں محفوظ ہونا چاہیے تھا، وہ آگ کے شعلوں میں جل کر جاں بحق ہوگئے۔ یہ محض ایک حادثہ نہیں ہے بلکہ ایک ایسے نظام کے چہرے سے نقاب اٹھ گیا ہے جس میں انسانی جان کی حفاظت کے بنیادی تقاضے بھی پورے نہیں کیے جا رہے۔ اگر پمز واقعی بہترین اور محفوظ طبّی سہولیات کا حامل ادارہ ہے تو پھر اِس کی نرسری میں نومولود بچوں کے حوالے سے ایسی مجرمانہ غفلت کیسے ہوگئی؟ امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ سانحے کے بعد ذِمّہ داری قبول کرنے کی بجائے حکومت اور ہسپتال انتظامیہ کا روایتی تحقیقاتی کمیٹیوں، وضاحتوں اور ذِمّہ داری سے فرار کا راستہ اختیار کرنا انتہائی شرم ناک ہے۔ ذِمّہ دار افراد کو سامنے لائے بغیر محض چند نچلے درجے کے اہلکاروں کو سزا دے کر معاملہ دبانے کی روش ختم ہونی چاہیے۔ حکومت شفاف تحقیقات کے ذریعے اِس سانحہ کے ذِمّہ داروں کا تعین کرے اور اُنہیں قرار واقعی سزا دے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا دین یہ واضح کرتا ہے کہ ریاستی منصب اختیار نہیں بلکہ امانت ہے اور عوام کے جان ومال کا تحفظ حکومت کا بنیادی فرض ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس سانحے کی ذِمّہ داری قبول کی جائے، غیر جانب دار اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں، اصل ذِمّہ داران کا بلاامتیاز احتساب کیا جائے اور ملک بھر کے ہسپتالوں میں آگ سے بچاؤ اور ہنگامی انخلا کے انتظامات کا فوری جامع جائزہ لیا جائے۔ معصوم بچوں کی موت کو محض ایک خبر، ایک تحقیقاتی کمیٹی اور چند بیانات تک محدود کرنا مزید مجرمانہ غفلت ہوگی۔ انہوں نے جاں بحق ہونے والے معصوم بچوں کے والدین اور لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے معصوم بچوں کو اپنی رحمتِ خاص میں جگہ عطا فرمائے اور اُنہیں والدین کی شفاعت کا ذریعہ بنائے۔ اللہ تعالیٰ اُن کے والدین کو صبرِ جمیل اور اس سانحے کے ذِمّہ داران کو دنیا اور آخرت کی جواب دہی کا احساس عطا فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ
**رضاءالحق**
مرکزی ناظم نشرواشاعت

تنظیم اسلامی

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: August 28th, 2026**

## The heartbreaking tragedy at PIMS Nursery: 14 newborn babies pass away. The Government must identify the responsible individuals, award them exemplary punishment, and fulfill its responsibility of protecting human lives.

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by Ameer of Tanzeem-e-Islami, Shujauddin Shaikh, in a statement. Expressing deep sorrow and anger over the heartbreaking tragedy of 14 newborn babies losing their lives as a result of a fire in the nursery of PIMS Hospital in Islamabad, he termed it the worst manifestation of governmental and administrative negligence, flawed safety arrangements, and a sheer disregard for human life. He said that the innocent children, who should have been safe in the nursery of a major state hospital for treatment and protection, burned to death in the flames. This is not merely an accident; rather, it has unmasked a system in which even the fundamental requirements for the protection of human life are not being fulfilled. If PIMS is truly an institution equipped with the best and safest medical facilities, then how did such criminal negligence occur regarding newborn babies in its nursery?

The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that instead of accepting responsibility after the tragedy, it is extremely shameful that the government and hospital administration have opted for the path of traditional investigative committees, mere justifications, and evading responsibility. The practice of hushing up the matter by punishing merely a few low-ranking officials, without bringing the actual responsible individuals to the fore, must end. Through a transparent investigation, the government must identify those responsible for this tragedy and award them exemplary punishment. He said that our religion clarifies that a state office is not an absolute authority but a trust, and the protection of the lives and properties of the public is the fundamental duty of the government. He demanded from the government that responsibility for this tragedy be accepted, a neutral and transparent investigation be conducted, and the actual responsible individuals be held accountable without discrimination. Furthermore, an immediate and comprehensive review of fire prevention and emergency evacuation arrangements must be undertaken in hospitals across the country. He stated that restricting the deaths of innocent children to merely a news item, an investigative committee, and a few statements would be an act of further criminal negligence. Expressing heartfelt condolences to the parents and bereaved families of the innocent children who lost their lives, he prayed that may Allah Almighty grant the deceased innocent children a place in His special mercy and make them a means of intercession for their parents. May Allah Almighty grant their parents beautiful patience and instill a sense of accountability in this world and the Hereafter among those responsible for this tragedy. Ameen!

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**